کچھ بھارت کے بارے میں

(From - Intermediate Hindi Reader, pp. 1-2)

بھارت کا برِّ صغیر جنوبی ایشیا کا ایک بڑا حصّہ ہے ۔ اس برِّ صغیر میں بھارت، پاکستان، افغانستان، نیپال، بھوٹان، بنگلہ دیش اور شری لنکا شامل ہیں۔ اِن سب دیشوں میں بھارت سب سے بڑا ہے۔ قریب ۲۰۰۰ مِیل لمبا اور ۱۸۰۰ مِیل چوڑا، بھارت دُنیا کا ساتواں سب سے بڑا دیش ہے۔ بھارت کی آبادی قریب ۹۵ کروڑ ہے اور چین کے بعد سب سے زیادہ لوگ یہاں رہتے ہیں۔ آج بھارت دنیا کی سب سے بڑی جمہُوریّت ہے۔

بھارت کی تہذیب بہت پُرانی ہے۔ یہ قدیم زمانے سے فن، ادب، مذہب، اور علم کا بڑا مرکز مانا جاتا ہے ۔ پُرانے وقت سے ہی بھارت کی دولت، شان، اور تہذیب نے انیک دیشوں کے لوگوں کو اپنی طرف کھینچا ۔ پہلے یہاں یونانی آئے، پھر ترک اور مغل، اور بعد میں انگریز۔

جغرافیہ کے حساب سے بھارت کو تین حصّوں میں بانٹا جا سکتا ہے۔ شُمالی سرحد پر

ایک بڑی دیوار کی طرح کھڑے ہیں ہمالیہ پہاڑ، جو دنیا میں سب سے اُونچے ہیں۔ اِن پر سال بھر برف جمی رہتی ہے۔ اِن پہاڑوں سے نکلنے والی چار اہم ندیاں گنگا، یمُنا سندھو اور برہمپتر بھارت کے درمیان میں ایک وسیع میدان بناتی ہیں۔ یہ میدان بہت اُپجاؤ ہے۔ گیہوں، گنّا اور چاول یہاں کی خاص پیداوار ہیں۔ اِس میدان میں تھار نام کا ایک ریگستان بھی ہے جو سِندھو ندی کی ترائی کو گنگا ندی کی ترائی سے الگ کرتا ہے۔ تیسرا اور ارضیات کے حساب سے سب سے پرانا حِصّہ جنوب میں دکھن کا پٹھار ہے۔ جنوب کی اہم ندیاں ہیں - نرمدا، کرشنا، گوداوری اور کاویری ۔ چاول یہاں کی خاص پیداوار ہے۔ جنوبی بھارت تین طرف سے سمندر سے گھِرا ہے۔ مشرق میں بنگال کی کھاڑی ہے، مغرب میں عرب ساگر اور جنوب میں ہند مہاساگر ہے۔

ہندوستان میں تین خاص موسم ہوتے ہیں: جاڑا، گرمی اور برسات ۔ شمال میں جاڑے میں کڑاکے کی ٹھنڈ پڑتی ہے۔ اپریل سے جون تک بہت سخت گرمی ہوتی ہے اور پھر جلائی سے ستمبر تک خوب بارِش ہوتی ہے۔ جنوب میں قریب قریب سال بھر گرمی ہوتی ہے لیکن شمال سے کم۔ جنوب میں سمندر کے کِنارے کافی بارِش ہوتی ہے اور پیداوار اچّھی ہوتی ہے۔

بھارت ایک کرِشی پردھان دیش ہے اور دیش کی تقریباً ۷۰ فی صد آبادی گاؤں میں رہتی ہے۔ بھارت کے چار پرمکھ مہانگر ہیں: نئ دہلی، بمبئ، کلکتہ اور مدراس ۔ بھارت کی درالحکومت، نئ دہلی، شمال میں ہے ۔ بمبئ مغربی کنارے اور کلکتہ مشرقی کنارے کے اہم بندرگاہ ہیں ۔ مدراس جنوب کا سب سے بڑا شہر ہے اور یہ بھی سمندر کے کنارے بسا ہے۔ بنگلور، حیدرآباد، لکھنؤ، جے پور اور چنڈیگڑھ بھارت کے کچھ دوسرے بڑے شہر ہیں۔ سب سے پرانا شہر وارانسی، یا بنارس، گنگا کے کنارے پر بسا ہے ۔

بھارت میں سفر کرنا اب بہت مُشکِل نہیں رہا ۔ سواری کے اہم ذریعے : ریل گاڑیاں اور سڑکیں ۔ آجکل ہم کافی شہروں کو ہوائی جہاز سے بھی جاسکتے ہیں ۔ بھارت میں قدیم زمانے کے بہت سُندر مندِر اور عمارتیں ہیں، جنہیں دیکھنے کے لئے دور دور سے لوگ آتے ہیں ۔ اجنتا اور ایلورا کی گفائیں اور آگرے کا تاج محل تو ساری دنیا میں مشہور ہے ۔

بھارت نے ۱۵ اگست ۱۹۴۷ کو انگلینڈ سے آزادی پائی اور ۲۶ جنوری ۱۹۵۰ سے اس کا سنوِدھان عمل میں آیا ۔ بھارت کے مختلِف صوبوں میں الگ الگ رِواج ، زبانیں سجاوٹ کی چیزیں اور طرح طرح کا کھانا ملتا ہے۔ بھارتیہ سنودھان کے

مطابق بھارت ایک سیکیولر(secular) دیس ہے ۔ یہاں مختلف مذہبوں کے لوگ

رہتے ہیں ۔ بھارت میں چودہ اہم زبانیں بولی جاتی ہیں لیکن ہندی دیش کی قومی زبان ہے۔

Glossary

subcontinent (m) = برِّ صغیر	geography (m) = جغرافیہ
southern (adj) = جنوبی	from the perspective of (pp) = کے حِساب سے
approximately (adv) = قرِیب	northern (adj) = شُمالی
population (f) = آبادی	border (f) = سرحد
democracy (f) = جمہُوریّت	important (adj) = اہم
culture (m) = تہذیب	expansive (adj) = وسیع
ancient (adj) = قدِیم	geology (f) = ارضیات
period (m) = زمانہ	south (m) = جنوب
art (m) = فن	east (m) = مشرق
literature (m) = ادب	west (m) = مغرب

religion (m) = مذہب

knowledge (m) = عِلم

center (m) = مرکز

wealth (f) = دَولت

splendour (f) = شان

to pull, draw (v.t.) = کھینچنا

means, meduim (m) = ذرِیعہ

freedom (f) = آزادی

separate (adj) = مُختلف

province (m) = صُوبہ

custom (m) = رِواج

language (f) = زبان

decoration (f) = سجاوٹ

according to X (pp) = X کے مُطابق

national language (f) = قومی زبان

harsh, extreme (adj) = سخت

percent (adj) = فی صد

capital (f) = دارالحکومت

present (adj) = مَوجود

western (adj) = مغربی

eastern (adj) = مشرقی